SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

October 23, 2024

ایس ای سی پی کا وزیر اعظم کے ویمن امپاورمنٹ پیکج 2024 کے تحت اصلاحات پر سیمینار

اسلام آباد: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے نے ایف پی سی سی آئی اور وزارت انسانی حقوق (MOHR) کے تعاون سے اصلاحات پر سیشن کا انعقاد کیا۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید نے کاروباری خواتین کے لیے خصوصی اخدامات کا ذکر کیا اور ساتھ ہی PMWEP24 کے تحت تمام اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ اُنہوں نے کہا، "خواتین کی برابری اور شمولیت کی اصلاحات کے حق میں متحد ہو کر ہم نہ صرف خواتین کو بااختیار بناتے ہیں بلکہ پاکستان کی معاشی خوشحالی میں بھی اضافہ کرتے ہیں۔ "انہوں نے بامعنی پیش رفت کے لیے معاون خواتین کے موئثر نفاذ کو ضروری قرار دیا اور تمام کمپنیوں پر زور دیا کہ وہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجود وزیر اعظم ویمن امپاورمنٹ پیکج 2024 (PMWEP 24) سروے کو مکمل کریں۔

ایس ای سی پی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر، مسرت جبیں نے خواتین متعلق ریگولیٹری اصلاحات میں ہونے والی پیش رفت پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا اور ایس ای سی پی کی طرف سے کیے گئے اقدامات کا ذکر کیا، جس میں 30 جون 2024 سے کمپنیوں کو سالانہ رپورٹس میں (gender pay gap) کو رپورٹ کرنا اور ایسی نجی کمپنیوں کو نمایاں کرنا جو خاندان دوست پالیسیاں بناتی ہیں۔ انہوں نے شرکاء کو آن لائن پورٹل 'ESG Sustain' کے ذریعے صنف سے متعلق ڈیٹا اور کامیابی کی کہانیاں فراہم کرنے کے جاری اقدام کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں شروع کیا گیا وزیر اعظم ویمن امپاورمنٹ پیکج 2024 پاکستان میں خواتین کے حقوق کے تحفظ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ خواتین کو تحفظ اور معاشی مواقع کی فراہمی کی لیے کوشاں ہے، جو پاکستانی معاشرے کا نصف حصہ ہیں اور اپنے خاندانوں اور کمیونٹی میں مختلف اور اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005